انگلینڈ ویمنز کرکٹ ٹیم نے پاکستان کے خلاف کلین سویپ کردیا

لاہور، 19 دسمبر 2019ء:

انگلینڈ ویمنز کرکٹ ٹیم نےتیسرے ٹی ٹونٹی میچ میں پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کو 26رنز سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز میں 0-3 سے کامیابی حاصل کرلی۔انگلینڈ ویمنز کرکٹ ٹیم نے پہلے کھیلتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 3وکٹوں کے نقصان پر 170 رنز بنائے۔جواب میں قومی خواتین کرکٹ ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 5وکٹوں کے نقصان پر 144 رنزہی بناسکی۔

کنرارا اوول ملائیشیا میں کھیلے جانے والے میچ میں مہمان ٹیم کی کپتان ہیتھر نائٹ نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا۔ 31 اسکور پر پہلی وکٹ گرنے کے بعد کپتان ہیتھر نائٹ اور ایمی جونز نےپراعتماد کھیل کا مظاہرہ کیا۔ دونوں بیٹرز کے درمیان81 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ ہیتھر نائٹ 43 اور ایمی جونز 37 رنز بناکر آؤٹ ہوئیں۔ اختتامی اوورز میں فرین ولسن اور ٹیمی بیماؤنٹ کے جارحانہ کھیل کی بدولت مہمان ٹیم نے مقررہ بیس اوورز میں 3وکٹوں کے نقصان پر 170 رنزبنائے۔قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی جانب سے ڈیانا بیگ نے 2وکٹیں حاصل کیں۔

171 رنز کے تعاقب میں قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی اوپنرز ایک بار پھر متاثرکن کھیل کا مظاہر ہ کرنے میں ناکام رہیں اورمحض 29 رنز پردونوں بیٹرز پویلین واپس لوٹ گئیں۔ مڈل آرڈر بیٹر جویریہ خان نے ذمہ دارانہ کھیل کا مظاہرہ کیا تاہم اس دوران ان کا ساتھ نبھانے کے لیے کوئی دوسری بیٹر زیادہ دیر کریز پر نہ ٹھہرسکی۔ جویریہ خان نے 57 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلی۔وکٹ کیپر بیٹرسدرہ نواز نے جارحانہ کھیل پیش کیا تاہم وہ بھی ٹیم کو جیت نہ دلوا سکیں۔ وہ 7گیندوں پر 19 رنز بناکر ناٹ آؤٹ رہیں۔ قومی خواتین کرکٹ ٹیم نے مقررہ 20 اوورز میں 5وکٹوں کے نقصان پر 144 رنز بنائے۔ انگلینڈ ویمنز ٹیم کی جانب سے سارہ گلین اور شرب سول نے 2،2 وکٹیں حاصل کیں۔

انگلینڈ ویمنز ٹیم کی کپتان ہیتھر نائٹ پلیئر آف دی میچ اور اوپنر ایمی جونز پلیئر آف دی سیریز قرار پائیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk